# You can't shape London's future.

ایک چھوٹی چیز X بڑا
فرق پیدا کر سکتی ہے۔

لندن اسمبلی اور میئر آف
لندن کے الیکشن میں اپنی
شرکت یقینی بنائیں

**2 مئی 2024**

ووٹ دینے کے لئے فوٹو ID ساتھ
لائیں

**londonelects.org.uk**

پر مزید معلومات حاصل کریں



LONDON ELECTS

2 مئی 2024 کو، لندن میں رہنے والے لوگ لندن کے میئر اور لندن اسمبلی کے 25 اراکین کے لیے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

میئر کی ذمہ داری تمام سیاحوں، رہائشیوں اور ملازمین کے لیے لندن کو بہتر بنانا ہے۔

اس میں پالیسیوں کی تیاری، بجٹ کی ترتیب، بڑے پروگرام کی نگرانی، اور دنیا بھر میں لندن کی نمائندگی شامل ہے، یہ سب کچھ میئر کے وژن کے مطابق اور لندن اور لندن والوں کے بہترین مفاد میں ہے۔

لندن اسمبلی 25 اراکین پر مشتمل ہے - 11 پورے دارالحکومت کی نمائندگی کرتے ہیں اور 14 لندن کے حلقوں سے منتخب ہوتے ہیں۔

سٹی ہال میں اسمبلی لندن والوں کی آنکھ اور کان کی طرح کام کرتی ہے۔ ممبران میئر کی حکمت عملیوں، فیصلوں اور اقدامات کا جائزہ لے کر میئر کو جوابدہ بناتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ مفاد عامہ میں ہیں۔

## کب ووٹ ڈالنا ہے

2 مئی 2024 کو، پولنگ اسٹیشن 7 بجے صبح تا 10 بجے رات کھلے رہیں گے۔ آپ اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے کافی وقت رہتے ضرور پہنچ جائیں۔ **ووٹ ڈالنے کے لئے فوٹو ID ضرور لائیں۔ مزید معلومات اگلے صفحہ پر حاصل کریں۔** اگر آپ ڈاک سے ووٹ ڈال رہے ہیں، تو آپ کو الیکشن سے پہلے بیلٹ پیپر مل جائیں گے۔ آپ یہ دھیان رکھیں کہ وہ 2 مئی 2024 کو 10 بجے رات تک ضرور پہنچ جائے۔

## کون ووٹ دے سکتا ہے

آپ ووٹ دے سکتے ہیں اگر آپ:

- 2 مئی 2024 کو 18 سال یا اس سے زیادہ کے ہوں
- لندن میں رہنے والا برطانوی، یورپی یونین یا کامن ویلتھ کا اہل شہری 16 اپریل 2024 تک ووٹ ڈالنے کے لئے رجسٹرڈ ہو

آپ gov.uk/register-to-vote پر ووٹ ڈالنے کے لئے اندراج کر سکتے ہیں یا اپنے قصبہ کے انتخابی رجسٹریشن آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## کہاں ووٹ ڈالنا ہے

ووٹ ڈالنے کے 3 طریقے ہیں۔



**1 آپ کے پولنگ اسٹیشن پر:**

- 2 مئی سے پہلے آپ کو آپ کے پولنگ اسٹیشن کی تفصیلات کے ساتھ پول کارڈ بھیجا جائے گا۔
- آپ صرف اس کارڈ پر درج شدہ پولنگ اسٹیشن پر ہی ووٹ ڈال سکتے ہیں۔
- پولنگ سٹیشن کا عملہ آپ سے فوٹو ID دکھانے کے لئے کہے گا۔ وہ چیک کریں گے کہ آپ اپنی ID پر موجود تصویر سے مشابہت رکھتے ہیں، اور یہ کہ آپ کا نام انتخابی رجسٹر میں موجود ہے۔
- ضرورت پڑنے پر، پولنگ اسٹیشن پر موجود عملہ آپ کے بیلٹ پیپر کو سمجھنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔
- آپ کو پولنگ اسٹیشن پر اپنے ساتھ اپنا پول کارڈ لیجانے کی ضرورت نہیں پڑے گی لیکن اس سے عملہ کو مدد ملے گی۔

**فوٹو ID کے مقبول شکلیں**

پولنگ اسٹیشن پر، آپ مندرجہ ذیل فوٹو ID کی قسموں میں سے کسی کا استعمال کر کے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

**بین الاقوامی سفری**

UK، چینل جزائر، آئل آف مین، برٹش اوورسیز ٹیریٹری، یورپی اکنامک ایریا (EEA) ریاست یا دولت مشترکہ ملک (بشمول آئرش پاسپورٹ کارڈ) کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ۔

**ڈرائیونگ اور پارکنگ**

UK کی طرف سے جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس، کسی بھی چینل جزائر، ئل آف مین، یا EEA ریاست (اس میں عارضی ڈرائیونگ لائسنس شامل ہے) ایک بلیو بیج۔

**مقامی سفر**

- برطانوی حکومت کی طرف سے امداد یافتہ بزرگ شخص کا بس پاس
- برطانوی حکومت کی طرف سے امداد یافتہ معذور شخص کا بس پاس
- برطانوی حکومت کی طرف سے امداد یافتہ اوئیسٹر 60+ کارڈ
- فریڈم پاس
- سکاٹش نیشنل انٹائٹلمنٹ کارڈ رعایتی سفر کے مقصد کے لیے جاری شدہ (بشمول 60+، معذور یا 22 سے کم عمر کے بس پاس)
- 60 اور اس سے زیادہ ویلش کا رعایتی سفری کارڈ
- معذور افراد کا ویلش رعایتی سفری کارڈ
- شمالی آئرلینڈ میں جاری کردہ سینئر اسمارٹ پاس
- رجسٹرڈ بلائنڈ اسمارٹ پاس یا نابینا شخص کا اسمارٹ پاس شمالی آئرلینڈ میں جاری کردہ
- شمالی آئرلینڈ میں جنگی معذوری کا جاری کردہ اسمارٹ پاس
- شمالی آئرلینڈ میں جاری کردہ 60+ اسمارٹ کارڈ
- شمالی آئرلینڈ میں ہاف فیر اسمارٹ پاس جاری کردہ

**عمر کا ثبوت**

شناختی کارڈ جس پر عمر کے معیارات کی اسکیم ہولوگرام کا ثبوت ہوتا ہے (ایک پاس کارڈ)۔

**حکومت کی جاری کردہ دیگر دستاویزات**

- بائیو میٹرک امیگریشن دستاویز
- EEA ریاست کی طرف سے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ
- شمالی آئرلینڈ میں جاری کردہ انتخابی شناختی کارڈ

ووٹر اتھارٹی سرٹیفیکیٹ:
https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/voter-id/applying-a-voter-authority-certificate

گمنام انتخابی دستاویز:
https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/register-vote/register-vote-anonymously#

**گمنام انتخابی دستاویز**

**اگر آپ کے پاس فوٹو ID کی قبول شدہ شکل نہیں ہے** آپ مفت ووٹر آئی ڈی دستاویز کے لئے درخواست دے سکتے ہیں، جسے ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کہا جاتا ہے، اگر:

- آپ کے پاس فوٹو ID کی قبول شدہ شکل نہیں ہے
- اس بات کو لے کر آپ پر یقین نہیں ہیں کہ آیا آپ کی فوٹو ID اب بھی آپ کی طرح نظر آتی ہے
- آپ کسی اور وجہ سے ID کی موجودہ شکل استعمال کرنے کے بارے میں فکر مند ہیں، جیسے کہ جنس مارکر کا استعمال

درخواست دینے کی آخری تاریخ 24 اپریل شام 5 بجے تک ہے۔
مزید معلومات حاصل کریں: electoralcommission.org.uk پر

**پرانی فوٹو ID**

اگر آپ کی فوٹو ID پرانی ہو تو بھی آپ اسے استعمال کر سکتے ہیں، جب تک کہ یہ آپ کی طرح نظر آئے۔

آپ کی ID پر وہی نام ہونا چاہئے جو آپ نے ووٹ کے لئے رجسٹر کرتے وقت استعمال کیا تھا۔

اگر آپ ذاتی طور پر پولنگ اسٹیشن نہیں جا سکتے ہیں، تو آپ بذریعہ ڈاک یا پراکسی ووٹ دینے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

## 2 بذریعہ ڈاک

- آپ کے بیلٹ پیپر الیکشن کے دن سے تقریبا ایک ہفتہ پہلے آپ کو بھیجے جائیں گے۔
- اپنے ووٹ پر نشان لگائیں اور انہیں واپس بھیج دیں تاکہ وہ 2 مئی 2024 کو 10 بجے رات سے پہلے پہنچ جائیں۔
- آپ اپنے دستخط اور تاریخ پیدائش کے ساتھ حفاظتی اعلان مکمل کرنا ضرور یاد رکھیں۔
- اگر آپ کے ووٹ وقت پر نہیں پہنچتے ہیں، تو وہ شمار نہیں کئے جائیں گے۔
- اگر آپ انہیں میل کرنا بھول گئے ہیں، تو آپ اپنا مکمل شدہ پوسٹل ووٹ قصبہ کے کسی بھی پولنگ سٹیشن جہاں آپ ووٹ دینے کے لئے رجسٹرڈ ہیں، یا اپنے قصبہ کے انتخابی رجسٹریشن آفس میں لا کر جمع کر سکتے ہیں۔
- اپنے پوسٹل ووٹ کو دستی طور سے واپس کرتے وقت آپ کو ایک مختصر فارم مکمل کرنا ہوگا۔ براہ کرم اس کے لئے وقت نکالیں۔

نیے ڈاک سے بھیجے جانے والے ووٹ کی درخواستوں اور موجودہ ڈاک سے بھیجے جانے والے یا نیابت میں ڈالے جانے والے ووٹوں کے لیے آخری تاریخ 17 اپریل 2024 کو 5 بجے شام ہے۔

gov.uk/apply-postal-vote پر جائیں یا اپنے برو الیکٹورل رجسٹریشن آفس سے رابطہ کریں۔

## 3 نیابت کا استعمال کرنا

- اگر آپ پولنگ اسٹیشن پر پہنچنے سے قاصر ہیں، تو آپ اپنے کسی قابل اعتماد شخص سے اپنا نائب بننے کی درخواست کرسکتے ہیں۔
- اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ آپ کی طرف سے ووٹ ڈال سکتے ہیں لیکن آپ کو انہیں یہ بتانا پڑے گا کہ آپ کس کے لیے ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں۔

نیابت میں (ڈاک کے ذریعہ نیابت یا ہنگامی نیابت نہیں) ووٹ ڈالنے کے لئے نئی درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 24 اپریل 2024 کو 5 بجے شام ہے۔


ایمرجنسی پراکسی درخواستیں موصول ہونے کی آخری تاریخ 2 مئی 2024 شام 5 بجے ہے۔

gov.uk/apply-proxy-vote پر جائیں یا اپنے قصبہ کے الیکٹورل رجسٹریشن آفس سے رابطہ کریں۔

**Londonelects.org.uk**
**@LondonElects**
**#LondonVotes پر مزید معلومات حاصل کریں۔**


## ووٹ کیسے ڈالیں

لندن کے میئر اور لندن اسمبلی کے انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لئے آپ کو 3 بیلٹ پیپر دیئے جائیں گے:




### میئر آف لندن (گلابی بیلٹ پیپر)

- منتخب کریں کہ آپ لندن کا میئر کسے بنانا چاہتے ہیں۔
- **اپنی پسند کے امیدوار کے آگے [X]** کا نشان لگائیں۔ صرف ایک انتخاب کریں۔
- سابقہ سالوں میں میئر کے لئے دوسرا انتخاب کرنا ممکن تھا۔ اب یہ معاملہ نہیں رہا۔



### حلقہ انتخاب لندن اسمبلی کا رکن (پیلا بیلٹ پیپر)

- آپ اس شخص کا انتخاب کریں جسے آپ چاہتے ہیں کہ وہ لندن اسمبلی میں آپ کے مقامی علاقے کی نمائندگی کرے۔
- صرف ایک امیدوار کے لیے ووٹ ڈالیں۔
- **اپنے انتخاب کے آگے [X]** کا نشان لگائیں۔



### پورے لندن کے لیے رکن اسمبلی (نارنجی بیلٹ پیپر)

- اس شخص کا انتخاب کریں جسے آپ چاہتے ہیں کہ وہ لندن اسمبلی میں پورے لندن کی نمائندگی کرے۔
- صرف ایک بار ووٹ ڈالیں۔
- **اپنے انتخاب کے آگے [X]** کا نشان لگائیں۔

## مزید معلومات

اپریل 2024 میں، ہر وہ شخص جو لندن میں ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹرڈ ہے، اسے انتخابی کتابچہ ملے گا۔ اس میں لندن اسمبلی کے تمام امیدواروں کی فہرست دی جائے گی، میئر کے امیدواروں کے چھوٹے منشور شامل ہوں گے جو انہیں فراہم کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، اور اس بارے میں اہم معلومات فراہم کرتے ہیں کہ کہاں اور کس طرح ووٹ ڈالنا ہے۔ دھیان رکھیں کہ یہ آپ کے دروازے کے نیچے سے آئے گا۔

مزید معلومات کے لئے londonelects.org.uk ملاحظہ کریں، یا اپنے قصبہ کے الیکٹورل رجسٹریشن آفس سے رابطہ کریں۔